ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (65)

29-01-2023

**بہاول پور ( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر مسیحی عبادت گاہوں پر ہونے والی عبادات کے حوالے سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات، سینکڑوں پولیس افسران و اہلکار ڈیوٹی پر تعینات، متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے سیکیورٹی پلان کے مطابق پولیس افسران کو چیک کیا، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈی پی او۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر اتوار کے روز ہونے والے پروگرامز کے لیے مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔ جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکاران تعینات کیے گئے تھے، چھتوں پر بھی پولیس ملازمان کو تعینات کیا گیا۔ ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔ سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ اس موقع پر ڈی پی او عبادت نثار نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عبادت گاہوں میں بھی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ایسے مقامات کی سیکیورٹی اور امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کے افسران اور جوان مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (66)

29-01-2023

**بہاول پور() انسپکٹر جنرل پنجاب پولیس اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی زیر نگرانی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مہم میں بہاولپور پولیس کی گزشتہ 03 روز میں منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں، 29 ملزمان گرفتار، قبضہ سے 01 کلو سے زائد چرس اور 559 لیٹر دیسی شراب و لہن 100 لیٹر معہ 01 عدد چالو بھٹی اور 05 عدد پسٹل 30 بور برآمد اور جوا کے ملزمان کو گرفتار کر لیا، مقدمات درج، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں، تاکہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جا سکے۔ ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی جاری کردہ مہم پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی سربراہی میں اور تمام ایس ڈی پی اوز کی زیر نگرانی تمام ایس ایچ اوز نے ضلع بہاولپور میں منشیات اور شراب فروشوں کے خلاف مہم جاری۔ بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ تھانہ اوچشریف اور ہیڈ راجکاں پولیس نے منشیات فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 02 عدد ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 1 کلو 520 گرام چرس برآمد کر لی۔ تھانہ صدر احمد پور شرقیہ، سٹی حاصلپور، صدر حاصلپور، عنائیتی، ڈیرہ نواب صاحب، کوتوالی اور قائمپور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 11 عدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 559 لیٹر دیسی شراب و لہن 100 لیٹر اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کر لی۔ تھانہ اوچشریف، سٹی یزمان، صدر یزمان اور صدر بہاولپور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 05 عدد ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 05 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لیے۔ تھانہ سٹی احمد پور پولیس نے پنجاب بھکاری ایکٹ کا 01 ملزم اور سٹی حاصلپور پولیس نے قحبہ خانہ سے 05 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ صدر حاصلپور پولیس نے پنجاب ساؤنڈ ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر 01 ملزم کو گرفتار کر لیا۔ صدر احمد پور شرقیہ پولیس نے قمار بازی ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر 03 ملزم کو گرفتار کر لیا۔ صدر یزمان پولیس نے انتہائی تیز اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنے پر 01 ملزم کو گرفتار کر لیا۔ متعلقہ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید بڑی کارروائیاں کریں تاکہ بہاول پور منشیات جیسی لعنت سے پاک کیا جا سکے۔ کسی مشکوک سرگرمی کی صورت میں پولیس ہیلپ لائن 15 پر کال کر کے اطلاع دیں اور ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




**بہاولپور پولیس کی گزشتہ 03 روز میں منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں، 29 ملزمان گرفتار**